RULES & REGULATIONS

FOREIGN/LOCAL CURRENCY CHEQUE BOOK BEARING A/Cs

ASKARI BANK LIMITED

عسکری بینک لمیٹڈ میں ملکی و غیر ملکی کرنسی میں چیکنگ کھاتہ (اکاؤنٹ) کھولنے کے بارے میں قواعد وضوابط

THIS DOCUMENT states the Rules and Regulations for the conduct of the Account, which the depositor(s) has opened with Askari Bank Limited. The expression "the depositor(s)" refers to the person (s) including corporate(s) who has/have opened the Account(s). The expression "the Bank" refers to Askari Bank Limited. These terms and conditions may apply in whole or partially as applicable on various types of accounts.

یہ دستاویز عسکری بینک میں کھاتہ (اکاؤنٹ) کھولنے کے بارے میں لاگو قواعد وضوابط کا احاطہ کرتی ہے کھاتے دار سے مراد وہ شخص یا اشخاص بشمول کارپوریٹ ادارے ہیں جنہوں نے بینک میں کھاتہ کھولا ہے۔ بینک سے مراد عسکری بینک لمٹیڈ ہے۔ یہ قواعد وضوابط مجموعی یا جزوی طور پر مختلف نوعیت کے کھاتوں پر قابل نفاذ ہیں۔

DEPOSIT

1. All deposits (except through ATMs/Auto-transfer/Auto Salary transfer etc.) in the account should be accompanied by a pay-in-slip showing the date of deposit, the title, the amount, and number of the account to be credited besides other required particulars. The entry will be verified by signature of an official of the Bank under bank stamp on the counterfoil/customer copy of the pay-in-slip. The depositor should satisfy, from the pay-in-slip counterfoil, that the transaction is verified.

ڈپازٹ (کھاتہ میں رقم جمع کرانا)

1۔ کھاتے میں جمع کروائی گئی تمام رقوم (ماسوائے بزریعہ اے ٹی ایم/بطریقہ خودکار منتقلی، تنخواہ کی خودکار منتقلی وغیرہ) کیلئے یہ لازم ہوگا کہ رقم کے ساتھ ڈپازٹ رسید منسلک ہو جس میں رقم جمع کروانے کی تاریخ، کھاتے دار کا نام کروانے والی رقم اور کھاتہ نمبر جس میں یہ رقم جمع کروائی ہے بشمول دیگر لوازمات کے لازمی طور پر درج ہوں۔ بینک کا مجاز آفیسر ڈپازٹ رسید کی کھاتے دار کی کاپی والے حصے پر بینک کی مہر اور اپنے دستخطوں کے ساتھ جمع کروائی گئی رقم کی تصدیق کرے گا۔ کھاتے دار کو تسلی کر لینی چاہیے کہ ڈپازٹ سلپ پر بینک کے آفیسر کے دستخط بمع مہر موجود ہوں جو کہ اس بات کا ثبوت ہیں کہ رقم اس کے کھاتہ میں جمع ہو گئی ہے۔

2. The Bank may accept for collection only cheques and other permissible/negotiable instruments payable to the account holder at account holder's risk.

2. بینک کھاتے دار کی ذمہ داری پر صرف چیک اور دیگر مالیاتی دستاویزات (Negotiable Instruments) کو کھاتہ دار کو ادا کرنے کیلئے بجمع کھاتہ دار کے کھاتہ میں جمع کرنے کیلئے قبول کرے گا۔

3. The Bank may refuse to accept the cheques drawn to the order of third parties.

3. بینک ان تمام مالیاتی دستاویزات کو تسلیم کرنے سے انکار کر سکتا ہے جو کہ تیسرے فریق کے حکم پر جاری کئے گئے ہوں۔

4. The instruments should be crossed before they are deposited for the credit in the account. Un-cleared items, though credited in the account shall not be drawn against. Even if such items are credited and/or allowed to be drawn against, the bank shall have the right to debit the customer's account, if they are not realized/returned unpaid.

4. تمام انسٹرومنٹس (Instruments) کو کھاتہ میں جمع کرانے سے پہلے دو ترچھی لکیریں لگا کر کراس کر دیں۔ کھاتہ دار کو اس بات کی اجازت نہیں ہو گی کہ وہ غیر کلیئر شدہ رقوم کو اپنے کھاتے سے نکلوا سکے خواہ وہ اس کے کھاتے میں جمع ہی کیوں نہ کر دی گئی ہوں۔ اگر اس قسم کی رقوم کھاتے میں جمع کر دی گئی ہو اور کھاتے دار کو اس رقم کو نکلوانے کی اجازت دی گئی ہو تب بھی بینک کو اس بات کا اختیار ہے کہ اگر اس سے متعلق مالیاتی دستاویزات بغیر ادائیگی کے واپس ہو جائیں تو کھاتے دار کے کھاتہ میں سے ادا کی گئی رقم سے کٹوتی کرے۔

5. The customer indemnifies the Bank as collecting banker, for any loss which the Bank may incur by reason of its guaranteeing any endorsements, discharge or discharges, on any cheque, bill, note, draft, dividend warrant or other negotiable instrument deposited by a customer for collection and every such guarantee given by the Bank shall be deemed to have been given at the customer's express request in every case.

5. کھاتے دار بینک کو کسی بھی ایسے نقصان جو کہ بینک کی بوجہ اپنی تصدیق / گارنٹی بالخلاط کسی بھی چیک، بل، نوٹ، ڈرافٹ، ڈیویڈنڈ وارنٹ یا دوسرے قابل انتقال انسٹرومنٹس جو کہ کھاتہ دار نے وصولی کیلئے جمع کرایا ہو گی ضمانت دیتا ہے اور اسطرح کی ہر گارنٹی/ضمانت جو کہ بینک نے دی ہے وہ ہر صورت میں تصور کی جائے گی کہ یہ کھاتہ دار کی درخواست/مرضی (Express Request) پر دی گئی ہے۔

6. The depositor assumes full responsibility for the genuineness, correctness and validity of all endorsements appearing on all cheques, orders, bills, notes, negotiable instruments and receipts or other documents deposited in his/her Account.

6. جمع کنندہ چیک، آرڈر، بلز، نوٹس، انسٹرومنٹس، رسیدیں یا دوسری دستاویزات جو کہ اس کے کھاتہ میں جمع کرائی گئی ہیں کے اصل ہونے، درست ہونے، تمام تصدیقوں کے جو کہ چیک پر ظاہر ہیں کے درست ہونے کا کلی طور پر ذمہ دار ہوگا۔

7. Except where agreed to the contrary between the customer and the Bank, every payment received for an Account(s) in a currency other then that of such Account(s) may be converted by the Bank at its sole discretion into the currencies of such Account(s) at the Bank's then prevailing rates of exchange before the same is credited to such Account(s).

7. ماسوائے جہاں پر کہیں کھاتہ دار اور بینک کے درمیان اختلاف ہو کھاتہ کیلئے وصول ہونے والی ہر ایسی رقم جو کہ کھاتہ کی کرنسی کے مطابق نہیں ہے کو بینک کھاتہ میں جمع کرنے سے پہلے اپنے اس وقت کے مروجہ کرنسی ریٹ پر اپنی صوابدید پر کھاتہ کی کرنسی میں تبدیل کر دے گا۔

WITHDRAWALS FROM CHEQUE BOOK BEARING ACCOUNTS

8. A depositor can withdraw funds from the account only by means of cheques (except for withdrawals through ATMs) supplied by the Bank for that particular account. Cheque should be signed as per specimen signature(s) supplied to the Bank and any alterations; erasure or cancellations in the instrument must be authenticated by the drawer's full signature.

چیک بک رکھنے والے اکاؤنٹس سے رقم نکلوانا

8. کھاتہ دار اپنے کھاتہ سے رقم بذریعہ چیکس نکال سکتا ہے (ماسوائے بذریعہ اے ٹی ایم) جو کہ بینک نے اس مخصوص کھاتہ کیلئے مہیا کیے ہیں۔ چیکس کے اوپر دستخط بمطابق " دستخطی نمونہ" جو کہ بینک کو دیا گیا ہے کے ہونے چاہیں اور انسٹرومنٹ پر کی گئی تبدیلی، منسوخی قطع و برید لازما کھاتہ دار کے مکمل دستخط کے ساتھ تصدیق شدہ ہونی چاہیں۔

9. In case of loss or theft of cheque book, if customer reports the concerned branch before payment, the customer will not be liable for any loss or damages. However, in any case Bank is liable to observe due diligence in good faith.

9. چیک بک کے گم یا چوری ہونے کی صورت میں اگر کھاتہ دار برانچ کو گمشدہ چیک/ چیکس کی ادائیگی سے پہلے مطلع کرتا ہے تو ایسی صورت میں کھاتہ دار کسی بھی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔ بہر حال ہر صورت میں بینک پر لازم ہے کہ وہ نیک نیتی کے ساتھ مناسب چھان بین کرے۔

10. In case of delay or loss in collection of Cheques, the Bank will follow-up with the concerned for swift resolution.

10. چیکس کی کولیکشن میں کسی تاخیر یا نقصان کی صورت میں بینک معاملہ فوری حل کے لئے متعلقہ کے ساتھ پیروی کرے گا۔

11. The Bank is authorized to release the depositor's name and account number to the printers for the purpose of cheque book printing.

11. بینک کو اپنے کھاتہ دار کا نام اور کھاتہ نمبر پرنٹر پر پرنٹ کرنے کیلئے دینے کا مکمل اختیار ہے۔

12. The customer may not make a withdrawal/transfer of funds via a cheque or otherwise which would cause the account to go into overdraft. The Bank reserves the right to return any unpaid cheque or not to comply with any instructions that may cause the account to into overdraft if no prior arrangements are made by the Bank.

12.کھاتہ دار کھاتہ سے کوئی بھی ایسی رقم بذریعہ چیک نکلوانے اور اسی طرح بصورت دیگر منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہے جو کہ اکاؤنٹ سے فاضل وصولی (Over Draft) کا باعث ہو۔ بینک کوئی بھی چیک بغیر کسی ادائیگی کے واپس کرنے یا کسی بھی ایسی ہدایت پر عمل نہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جو کہ کھاتہ کے فاضل وصولی (Over Draft)ہونے کا باعث ہوماسوائے اگر پہلے سے بینک کے ساتھ کوئی ایسا انتظام نہ کر لیا گیا ہو۔

13. Any and all cash withdrawal(s) in currency/currencies other than Pak Rupees shall be subject to the availability of sufficient currency notes in such particular currency/currencies as with the Bank at the time of withdrawal.

13.ایسی کوئی بھی اور تمام ادائیگیاں علاوہ ازیں پاکستانی روپیہ اس صورت میں کی جائیں گی کہ بوقت ادائیگی اس / ان مخصوص کرنسی کرنسیوں کے مناسب مقدار میں نوٹ بینک میں موجود ہیں۔

14. In case of major withdrawal advance notification should be given to the Bank.

14.کسی بڑی وصولی کی صورت میں بینک کو قبل از وقت مطلع کرنا لازمی ہے۔

15. Post dated, stale & defective cheques shall not be paid by the Bank.

15.بینک ایسے چیکس جو کہ مستقبل کی تاریخ رکھتے ہوں، زائد المعیاد ہوں یا نقص شدہ ہوں ادا نہیں کرے گا۔

16. Original paid cheques will be retained by the Bank for a period of three years, and thereafter these may be destroyed after microfilming or using other modern techniques. The depositor will accept the images of the cheques if required 3 year after the date of relevant transaction.

16.دیگ اصلی ادا شدہ چیک تین سال کے عرصے تک محفوظ رکھے گا اور اس کے بعد ان فیکس کو مائیکرو فلنگ یا کسی دوسری جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے محفوظ کرنے کے بعد شائع کر سکتا ہے۔تین سال کے بعد بوقت ضرورت اکاؤنٹ ہولڈرز کو اس متعلقہ ٹرانزیکشن کے چیک کی کاپی (Images) کو قبول کرنا ہوگا۔

PLS SAVINGS ACCOUNT

17. PLS Saving Account may be opened normally with an initial balance of Rs. 100/- . No initial deposit is required for opening of accounts by (i) Mustahkeen of Zakat, (ii) Students, (iii) Employees of Govt. (or Semi-Govt. institutions for salary & pension purposes (including widows/children of deceased employees eligible for family pension/benevolent fund grant(etc) and other similar types of A/Cs.

نفع و نقصان شراکتی کھاتہ (پی۔ایل۔ایس سیونگ اکاؤنٹ)

17. نفع و نقصان بچت شراکتی کھاتہ کم از کم سوروپے کی رقم کے ساتھ کھولا جاسکتا ہے۔مزید برآں مستحقین کو طلبا، سرکاری وینم سرکاری اداروں کے ملازمین کے تنخواہ اور پنشن کے کھاتے (بشمول بیوائیں متوفی ملازمین کے بچے جو کہ فیملی پنشن میٹویلنٹ فنڈ گرانٹ وغیرہ کے اہل ہیں) کے لئے سوروپے سے کھاتہ کھولنے کی شرط نہیں ہے۔

18. The amount in the account and the return thereon is on Profit and Loss sharing Basis and is subject to the Bank's and regulations in force governing the Profit and Loss Sharing Accounts. The Bank's determination of profit or loss shall be final and binding on the depositor for all purposes.

18.کھاتہ میں موجود رقم اور اس پر نفع و نقصان کی تقسیم کاری بینک کے مروجہ قوانین وضوابط برائے (نفع و نقصان شراکتی کھاتہ) کی بنیاد پر ہے۔بینک کا مقرر کردہ نفع ونقصان حتمی ہوگا اور یہ کھاتہ داران پر تمام کیفیتوں میں حتمی ہے اور کھاتہ دار اسکا پابند ہوگا۔

19. i) The deposits received by the Bank under Profit and Loss Sharing Account will be invested under the PLS System in any manner the Bank considers appropriate.

i.19) ایسی تمام رقوم کو جو کہ بینک نفع ونقصان کی شراکت کی بنیاد پر وصول کرے گا، اس کی سرمایہ کاری بینک پی ایل ایس نظام کے تحت کسی بھی صورت جو کہ بینک کو مناسب ہو کرے گا

ii) The profit/loss earned/incurred on PLS Saving Account will be credited/debited as determined by the Bank at its sole discretion on the basis of its net working results of the PLS Scheme at the end of each half-year/year within a reasonable time from the date of the close of half yearly/yearly books of accounts of the Bank.

ii) نفع و نقصان تمام نفع ونقصان کے کھاتوں پر ادا / منہا کیا جائے گا جو کہ بینک کی حتمی صوابدید ہوگی اس کا تعین نفع و نقصان کے مروجہ قوانین کے تحت ان کھاتوں کے نتائج پر ہوگا جو کہ ششماہی یا سالانہ بنیاد پر بینک کے کھاتے بند کرنے سے مناسب وقت پہلے کیا جائے گا۔

iii) Return on deposits withdrawn on or before June 30 and/or on or before December 31, shall be paid after the calculation of the Profit or Loss for that particular period has been made and announced by the Bank on semi-annual basis.

iii) نفع و نقصان ان تمام رقوم پر ادایا منہا کیا جائے گا جو کہ 30 جون اور 31 دسمبر سے پہلے نکلوائے جاچکے ہوں اور اس مخصوص مدت کا نفع و نقصان کا تعین بینک کی جانب سے ششماہی بنیاد پر کیا جا چکا ہو۔

iv) Only those profits which are attributable to the Profit and Loss Saving Account Funds invested by the Bank will be for distribution among the PLS Saving Account holders and profits attributable to other investment funds, schemes or operation of the Bank will not be included in the PLS scheme.

iv) صرف وہ منافع جو کہ نفع و نقصان شراکتی اکاؤنٹ فنڈ سے منسلک ہو جسکی سرمایہ کاری بینک نے کی ہو وہ نفع و نقصان شراکتی اکاؤنٹ کے کھاتے داروں میں تقسیم کیا جائے گا اور وہ منافع جن کی نسبت دوسری سرمایہ کاری ، فنڈ سکیمز یا بینک آپریشنز سے ہے پی ایل ایس سکیم میں شامل نہیں کیا جائے گا۔

20. Return on Saving accounts will be paid twice for periods ending June & December on the basis of average balances held every month during the relevant half year.

20. سیونگ اکاؤنٹ پر منافع دومرتبہ جون اور دسمبر میں برطابق اوسطاً بیلنس برائے ماہانہ کی بنیاد پر متعلقہ نصف سال کے دوران دیاجائے گا۔

CURRENT ACCOUNTS

21. Current Deposit Accounts shall be opened with a minimum balance as revised by the Bank from time to time.

کرنٹ اکاؤنٹ

21. کرنٹ ڈپازٹ اکاؤنٹس کم سے کم بیلنس کے ساتھ جوکہ بینک وقتاً فوقتاً تبدیل کرسکتا کے ساتھ کھولا جاسکتا ہے۔

22. Funds in current deposit accounts shall be payable on demand and no profit will be paid by the Bank on current deposit accounts.

22. کرنٹ ڈپازٹ اکاؤنٹ کے رقومات کی ادائیگی مطالبے پر کی جائیگی اور بینک کرنٹ ڈپازٹس پر کوئی منافع ادا نہیں کرے گا۔

23. Current account shall not be allowed to be overdrawn except by prior agreed arrangements.

23. ماسوائے پہلے سے طے شدہ معاہدے کے کرنٹ اکاؤنٹ میں فاضل وصولی (Over Draft) کی اجازت نہیں ہے۔

FOREIGN CURRENCY DEPOSITS

24. Foreign Currency deposits shall always be subject to the Foreign Exchange Regulations and instructions of State Bank of Pakistan, as amended from time to time.

غیر ملکی کرنسی ڈیپازٹس

غیر ملکی کرنسی ہمیشہ فارن ایکسچینج کے قواعد وضوابط اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایت کے مطابق ہو نگے جنکی وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہے گی۔

25. The withdrawals from accounts denominated in foreign currency shall be subject to availability of foreign currency notes at the time of withdrawal & subject to prevailing State Bank of Pakistan & Government of Pakistan Rules & Regulations. The Bank may decline acceptance of foreign currency notes at its discretion.

25.غیر ملکی کرنسی کھاتوں سے رقم اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور حکومت پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق اس صورت میں نکلوائی جاسکتی ہے جبکہ بینک کے پاس غیر ملکی کرنسی کے نوٹ موجود ہوں۔بینک اپنی صوابدید پر غیر ملکی کرنسی کے نوٹ قبول کرنے سے انکار کرسکتا ہے۔

26. Return on FCY Saving accounts is applied twice for periods ending June & December on the basis of minimum balances held every month (7th of each month till last day of month) during the relevant half year.

26. غیر ملکی کرنسی بچت کھاتوں پر منافع دو دفعہ جون اور دسمبر کے آخر میں کم از کم بیلنس (ہر ماہ کی سات تاریخ تا مہینے کی آخری تاریخ) کی بنیاد پر ادا کیا جائے گا۔

27. It is required to maintain minimum monthly balance in the account in terms of Bank's Schedule of Charges in force, and in the event of any shortfall on any day in minimum balance requirement service charges as stipulated in the said Schedule of Charges in force are recoverable.

27. کھاتے میں مقرر کردہ کم از کم بیلنس بمطابق مروجہ "فہرست برائے چارجز" رکھنا ضروری ہے۔اور اگر کسی بھی دن کھاتے میں کم از کم مقرر کردہ بیلنس سے کم مقدار میں رقم ہوگی تو کھاتہ سے مروجہ "فہرست برائے بینک چارجز" میں مقرر کردہ چارجز منہا کیے جائیں گے۔

JOINT ACCOUNTS

28. If the Account is opened in the names of two or more persons, the balance to the credit thereof at any time shall belong to the customers jointly. All joint account holders will be jointly and severally liable to the Bank for all liabilities incurred on the joint account.

مشترکہ اکاؤنٹس

28. اگر کھاتہ دو یا دو سے زیادہ اشخاص کے نام پر کھولا گیا ہوتو کھاتے میں موجود بیلنس کسی بھی وقت ان اشخاص جنکے نام پر کھاتہ ہے کیلئے مشترکہ ہو گا۔تمام کھا تہ داران مجموعی اور انفرادی طور پر بینک کی مشترکہ کھاتے کے متعلق تمام ذمہ داریوں کیلئے پابند ہوں گے۔

29. In the absence of any instructions to the contrary, the credit balance in a joint account of two or more persons shall be payable to the survivor or survivors.

29. ہدایات کی غیر موجودگی کی صورت میں مشترکہ کھاتے میں موجود رقم مشترکہ کھاتہ داران میں سے زندہ رہنے والے شخص یا اشخاص کو واجب الادا ہے۔

30. In case a joint account is operated with single signing authority & the Bank receives contradictory instructions from another signatory, the Bank would thereafter act only on the mandate of all signatories to the Account.

30. اگر مشترکہ کھاتہ ایک شخص کی اکیلی "دستخطی اتھارٹی" پر آپریٹ ہوتا ہے اور بینک کو دوسرے دستخطی سے متضاد ہدایات موصول ہوتی ہیں تو بینک تمام دستخطیوں کی مرضی کے مطابق کھاتہ آپریٹ کرے گا۔

31. If the account is operated with joint signing authority then written instruction from one person/signatory shall not be accepted by the Bank.

31. اگر کھاتہ مشترکہ دستخطی آپریٹ کر رہے ہیں تو کسی بھی ایک دستخطی یا شخص کی تحریری ہدایات بینک کو قابل قبول نہیں ہوں گی۔

STOP PAYMENT

32. The Bank will register written instructions from the drawer of the cheque to stop its payment as and when lodged. The instructions should reach the Bank well before presentment of the cheque enabling the Bank to mark caution, however; it will be valid only from the date and time of receipt if received within working hours. The Bank will not be held responsible for payment made if the instrument is presented and paid prior to receipt of written instructions for stop payment.

ادائیگی روکنا (Stop Payment)

32. بینک چیک جاری کرنے والے کی تحریری ہدایات برائے اس چیک کی "ادائیگی روکنا" کو موصول ہونے پر درج کرے گا۔یہ ہدایات بینک کو چیک کی ادائیگی کیلئے پیش ہونے سے پہلے موصول ہونی چاہیں تا کہ بینک ضروری کارروائی کر سکے۔ تاہم یہ تحریری ہدایات موصول ہونے کی تاریخ اور وقت جو کہ کسی بینک کے کام کے اوقات کے دوران ہو سے کار آمد ہوں گی۔ بینک ذمہ دار نہیں ہو گا اگر چیک کی ادائیگی چیک روکنے کی ہدایت کے موصول ہونے سے پہلے کر دی گئی ہو۔

NOTICES

33. Any notice, demand or other communication by the Bank under these Rules and Regulations may be sent to the depositor (or his/her personal representatives) whether personally or by post or otherwise at his/her last known address & in that case it shall be considered to have been duly dispatched to the account holder.

اطلاعات

33. بینک کی طرف سے ان قوانین وضوابط کے متعلق کوئی بھی نوٹس،ڈیمانڈ یا دوسری خط وکتابت کھاتہ دار کو(یا اس کے نامزد کردہ شخص کو)ذاتی طور پر یا بذریعہ ڈاک یا کسی بھی طریقے سے اس کے آخری معلوم پتے پر بھیجی جاسکتی ہے۔اور اس صورت میں یہ تصور کیا جائے گا کہ متعلقہ کھاتہ دار کو اطلاع کر دی گئی ہے۔

INDEMNITY

34. All deposits and payments are governed by and subject to the laws in effect from time to time in Pakistan. The Bank shall not be responsible for any loss or damages to funds deposited by the Depositor due to any future government order, law, levy, tax embargo, moratorium, exchange restriction or any other cause beyond the Bank's control.

ضمانت

34. تمام وصولیاں اور ادائیگیاں ان قوانین کے مطابق کی جائیں گی جو وقتاً فوقتاً پاکستان میں نافذ ہیں۔ بینک کسی بھی ایسے نقصان کا ذمہ دار نہ ہوگا جو کہ رقم پر بوجہ کسی بھی مستقبل کے حکومتی حکم قانون عائد کردہ ٹیکس، التواء، ممانعت ، ایکسچینج کی پابندیاں یا دوسری وجوہات جو کہ بینک کے دائرہ اختیار میں نہ ہونے کی وجہ سے ہو۔

INCIDENTAL CHARGES

35. Incidental Charges shall be deducted from Current / PLS Deposits as applicable under the Bank rules.

اتفاقی کٹوتیاں

35. اتفاقی کٹوتیاں کرنٹ اور پی ایل ایس سیونگ کھاتوں سے بینک کے مروجہ قوانین کے مطابق منہا کی جاسکتی ہے۔

OTHER CHARGES

36. The Bank shall have the right to debit the customer's account for all expenses and charges which are chargeable to the accountholder in law or by trade practice or custom, including any levy, postage etc.

دیگر کٹوتیاں

36. بینک کھا تہ داران کے کھاتوں سے ایسی کٹوتیاں جنکی بنیاد وہ خرچے یا چار جز ہوں جو کہ کھاتے دار کیلئے بوجہ قانون تجارتی عمل یا کسٹم بشمول کسی عائد کر دہ ٹیکسز ڈاک کے اخراجات وغیرہ منہا کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

RESTRICTIONS ON CREATION OF SECURITY

37. The customer agrees that, without the written consent of the Bank, the amounts deposited or standing to the credit of an Account cannot in any way be assigned, transferred or charged to any third party (other than to a branch of the Bank) by way of security. The Bank shall not be bound by notice of any assignment or transfer or change in favour of a third party by way of security as aforesaid. Provided that the customer shall have the right to create a lien over or pledge his/her foreign/local currency deposits in the Bank's favour or in favour of any other branch of the Bank to ecure any finance, banking or credit facilities granted by the Bank or such other branch of the Bank to the customer or to any other person pursuant to the customer request.

سیکورٹی تخلیق کرنے پر پابندی

37. کھا تہ دار اس بات سے متفق ہے کہ بینک کی تحریری مرضی کے بغیر وہ جمع شدہ یا اس عمل میں شامل رقوم کسی تیسرے فریق کو منتقل، منتض یا چارج نہیں کر سکے گا کسی سیکورٹی یا ضمانت کے طور پر ماسوائے بینک کی کسی برانچ کی ضمانت کی صورت میں بینک کسی نوٹس کے ملنے کی صورت میں بھی اس بات کا پابند نہیں ہوگا کہ وہ اس رقم کو کسی بھی تیسرے فریق کے حق میں ضمانت کے طور پر منتقل یا منتض کرے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔ بشرطیکہ کھاتے دار کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اپنے لئے یا کسی تیسرے فریق کیلئے کسی قرضے یا بینکاری سہولیات حاصل کرنے کیلئے اپنی ملکی /غیر ملکی کرنسی رقوم کو اسی برانچ یا بینک کی کسی اور برانچ کے پاس تحریری طور پر رہن رکھوالے۔

BANK'S LIEN

38. In the event that the Bank shall accept or incur any liability on the customer's request or behalf, the Bank shall have a lien on all funds, monies, securities and other properties of whatsoever nature belonging to the customer in the possession of the Bank for the due repayment of such liability. In the event of any default by the customer to repay such liability the Bank may, without further notice to customers, take such steps to dispose off or realize the properties as it may deem fit and use the proceeds of such disposal or realization in settlement of all out standings of the customer.

بینک کا رہن

38. ایسی صورت میں کہ اگر بینک کھاتے دار کی درخواست پر یا کھاتے دار کیلئے کوئی ذمہ داری قبول کرتا ہے یا لیتا ہے تو بینک کھاتے دار سے متعلق ان تمام رقومات فنڈ ، ضمانتوں اور دوسرے اثاثوں پر چاہے ان کی جو بھی نوعیت ہو جو کہ بینک کے قبضے میں ہیں پر اس لی گئی ذمہ داری کی ادائیگی کیلئے رہن رکھے گا۔کھاتہ دار کی طرف سے ذمہ داری کو ادا نہ کر سکنے کی یا کھاتہ دار کے ڈیفالٹ ہونے کی صورت میں بینک کھاتہ دار کو مطلع کئے بغیر رہن رکھے اثاثہ جات کو فروخت کرنے یا وصول کرنے یا عمل جیسا کہ وہ بہتر تصور کرے، کر سکتا ہے۔ اس وصولی یا فروخت کے محاصل کو ان ذمہ داریوں کے نمٹانے جو کہ کھاتہ دار پر واجب الادا ہیں کیلئے استعمال کر سکتا ہے۔

ZAKAT

39. Zakat on all PLS based remunerative accounts, shall be deducted on valuation date from qualifying accounts having balance in excess of the exempted limit as Declaration on declared for that particular year Declaration on. prescribed form for exemption from deduction of Zakat should be registered with the Bank at least one month prior to the valuation date as per Zakat Rules applicable from time to time.

زکوۃ

39. زکوۃ نفع ونقصان شراکت کی بنیاد پر کھولے گئے کھاتوں سے کاٹی جائے گی جن میں کہ مقرر تاریخ (یکم رمضان) پر رقم کی مقدار اس سال کے اعلان کردہ سرکاری بیلنس کی حد پر یا حد سے زیادہ ہوگی۔زکوۃ سے استثنیٰ حاصل کرنے کیلئے بیان حلفی زکوۃ کی کٹوتی سے کم از کم ایک مہینہ پہلے زکوۃ کے وقتاً فوقتاً نافذ العمل مروجہ قوانین کے مطابق جمع کروانالازمی ہے۔

WITHHOLDING TAX

40. Withholding tax, or any other levy, shall be recovered asper laws in force from time to time.

ود ہولڈنگ ٹیکس

40.ود ہولڈنگ ٹیکس یا دیگر ٹیکسز وقتاً فوقتاً نافذ کردہ قوانین کے مطابق وصول کئے جائیں گے۔

ACCOUNT CLASSIFICATION AS "DORMANT/INACTIVE"

41. All accounts (LCY/FCY) falling under category (CD, PLS, Value, Plus, ASDA,) shall be marked "Dormant" if no deposit / withdrawal is witnessed in these accounts for a period of one year.

اکاؤنٹ کی درجہ بندی "ساکن" غیر متحرک اکاؤنٹ

41. تمام اکاؤنٹس (لوکل کرنسی کھاتے / بیرونی کرنسی کھاتے) جو کہ (کرنٹ ڈیپازٹ، ویلیو پلس (ASDA ہیں اگران میں مسلسل ایک سال تک کوئی وصولی / ادائیگی نہ ہوگی تو ایسے تمام کھاتوں کی نشاندہی بطور "غیر متحرک" کھاتے کے ہو جائے گی۔

REACTIVATION OF DORMANT/INACTIVE ACCOUNT

42 For reactivation of any dormant /inactive account, the account holder(s) must in person request for change of status & will produce original CNIC with a copy for bank attestation.

غیر متحرک/ ساکن اکاؤنٹس کو متحرک کرنا

42 کسی بھی غیر متحرک/ ساکن کھاتے کو دوبارہ متحرک کروانے کیلئے کھاتہ دار بقلم خود تبدیلی کیلئے درخواست کے ساتھ حاضر ہوگا اور اپنا نا درا کا اصلی شناختی کارڈ ایک کاپی کے ساتھ بینک کی تصدیق کیلئے پیش کرے گا۔

STATEMENTS

43. i) The Bank will dispatch free of charge, statement of account to the account holder having closing balance equal to or exceeding Rs.10,000/- at least twice in a year on 6 monthly basis within 1 month from the close of half - year, i.e., June 30 and December 31.

بینک اسٹیٹمنٹ

43.) بینک ایسے تمام کھاتہ داران کو جن کے کھاتوں کا کلوزنگ بیلنس مبلغ 10,000 روپیہ کے برابر یا اس سے زیادہ ہوگا سال میں کم از کم دو دفعہ چھ مہینوں کی بنیاد پر سال کے ختم ہونے کے ایک ماہ کے اندر جو کہ 30 جون اور 31 دسمبر ہے کھاتے کی اسٹیٹمنٹ ارسال کرے گا۔

ii) The Bank will dispatch free of charge, statement of account to the account holder having closing balance of less than Rs.10,000/- at least once in a calendar year. The statement will be sent within one month from the close of calendar year i.e. 31st December.

ii) بینک ایسے کھاتے داروں کو کہ جن کے کھاتہ میں 10,000 سے کم رقم موجود ہوگی سال میں کم از کم ایک دفعہ بغیر کسی چارجز کے اسٹیٹمنٹ ارسال کرے گا۔ یہ اسٹیٹمنٹ کیلنڈر سال کے ختم ہونے یعنی 31 دسمبر کے ایک ماہ کے اندراندر ارسال کی جائے گی۔

iii) The Bank will dispatch free of charge statement of account to the account holders maintaining Basic Banking Account, once in a calendar year i.e. 31st December.

iii) بینک Basic Banking بنیادی بینکنگ کھاتہ داروں کو سال کے ختم ہونے یعنی 31 دسمبر کے بعد ایک دفعہ بغیر کسی چارجز کے بینک اسٹیٹمنٹ ارسال کرے گا۔

iv) Where an account has become dormant, dispatch of statement of accounts will be stopped till such time the account is reactivated or new address is made available/obtained.

iv) غیر متحرک یا ساکن کھاتہ داروں کو بینک اسٹیٹمنٹ نہیں بھیجی جائے گی تا وقت یہ کہ کھاتہ دوبارہ متحرک ہو یا نیا پتہ مہیا ہو جائے۔

44. Duplicate copies of statement(s) of account shall be provided upon the request of customers by the Bank by debiting charges to his/her account as per Bank's Schedule of Charges.

44 بینک اسٹیٹمنٹ کی نقول کھاتہ دار کی درخواست پر بینک کے مروجہ "فہرست برائے چارجز" کے مطابق منہا کر کے دی جائیں گی۔

45. Customer may notify any discrepancies in statement of accounts within 45 days from the date of issue, after which the same will be considered final.

45. کھاتے دار بینک کو کھاتے کی اسٹیٹمنٹ میں کسی بھی غلطی کی صورت میں اسٹیٹمنٹ کے جاری ہونے کے 45 دنوں کے اندر مطلع کرے گا بصورت دیگر اسٹیٹمنٹ حتمی تصور کی جائے گی۔

46. The Bank has entered into an agreement with a third party vendor for printing, stuffing and dispatching of customer statement of accounts, in order to ensure expeditious delivery of Statement of Accounts (SOAS) at customer's given address. However, If customer has any reservations regarding the said outsourcing arrangement, he/she may please visit our nearest branch for subscribing to any other alternate source of delivery of Statement of Account e.g. e-Statement.

46. کھاتہ اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ آپ کے مہیا کئے گئے پتے پر بر وقت ترسیل کو یقینی بنانے کے لئے بینک نے سٹیٹمنٹ کی چھپائی، پیکنگ اور ترسیل کے لئے ایک تیسری پارٹی سے معاہدہ کیا ہے۔ تاہم اگر آپ اس انتظام کے بارے میں کوئی تحفظات رکھتے ہیں تو آپ ہماری کسی بھی نزدیکی برانچ سے سٹیٹمنٹ کی وصولی کسی اور ذرائع (مثلاً e- Statement وغیرہ) کے لئے رابطہ کر سکتے ہیں۔

CLASSIFICATION AS UNCLAIMED DEPOSIT

47. In case Current/Saving/Term Deposit accounts remain in operative for a period of 15 years, the balance in the said account with be considered as "unclaimed" and will be surrendered to the State Bank of Pakistan in accordance with the Banking Companies Ordinance 1962, as well as the provision of State Bank of Pakistan's BPRD Circular No. 07 dated 21/07/2006. Any instrument such as Draft, Pay Order, Banker's Cheque etc, which remain out standing for a period of 15 years, shell also be classified as "unclaimed" and there value will be surrendered to SBP.

بغیر دعوی کے ڈپازٹ کی درجہ بندی

47. ایسی صورت میں جب کرنٹ/سیونگ /معیادی ڈپازٹ کے اکاؤنٹس 15 سال کی مدت تک غیر فعال رہیں۔ایسے اکاونٹس میں جمع کردہ رقم کو ناقابل مطالبہ "تصور کیا جائے گا اور بموجب بینکنگ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1962 نیز بینک دولت پاکستان کے BPRD سرکلر نمبر 7 مورخہ 2006/7/21 کی قانون شقوں کے مطابق بینک دولت پاکستان (اسٹیٹ بینک کی تحویل میں دے دیا جائے گا۔اسکے علاوہ جیسے کہ ڈرافٹس، پے آرڈرز، بینکرز چیک وغیرہ جو عرصہ 15 سال تک واجب الادا باقی رہیں ان کو بھی ناقابل مطالبہ کے زمرے میں شمار کیا جائے گا اوران کے مساوی رقم بینک دولت پاکستان (اسٹیٹ بینک) کی تحویل میں دے دی جائے گی۔

AMENDMENT TO RULES & REGULATIONS

48. The Bank reserves to itself the right to add or alter any or all rules with prior 30 days notice to the account holder(s) and such altered or additional rules shall immediately, thereafter deemed to be binding on all such account holders.

قواعد و ضوابط میں ترمیم

48. بینک کوئی بھی یا تمام قواعد وضوابط کو کھاتہ دار کو تیس دن کے پیشگی نوٹس دینے کے بعد تبدیل کرنے یا اُن میں اضافہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔اور ایسے تمام اضافی اور ترمیم شدہ قوائد و ضوابط کی پابندی تمام کھاتہ داروں پر لاگو ہوگی۔

DISCLOSURES

49. The Bank is authorized to make such disclosures in respect of any account without notice to the account holder as may be required by law, court order or competent authority or agency under provisions of applicable laws, usage and/or otherwise to safeguard the interest of the Bank.

انکشافات

49. بینک اس بات کا مجاز ہے کہ وہ اکا ؤنٹ ہولڈرز کے علم میں لائے بغیر کسی بھی اکاؤنٹ کے متعلق قانون کی ضرورت یا عدالت کے حکم کے مطابق یا مجاز اتھارٹی یا ادارے کے حکم پر مروجہ قوانین کے مطابق انکشافات کرے یا جو کہ بینک کے مفاد میں ہو۔

DEATH/BANKRUPTCY OF CUSTOMER

50. (a) The Bank will always be entitled to freeze operations in any account after receiving information about the death of the account holder, or one of the account holders in case of joint accounts having instructions of joint operation therein. The withdrawal of funds shall be allowed on production of a succession certificate or other court order and fulfilling other requirements, which the Bank consider sufficient. In case of operating instruction either or survivor, in the event of the death of either of account holder(s), the credit balance in the account will be payable to the surviving account holder(s).

55. Any change in the address of the account holder shall be immediately communicated in writing to the Bank by the account holder. The post office and other agents for delivery should be considered agents of the depositor for all deliveries of letters, remittances, notices etc. and the Bank will not be responsible for any delay, non delivery etc.

55. کھاتہ دار پتے کی تبدیلی کی صورت میں بینک کو فوری طور پر تحریرا مطلع کرے گا۔ڈاک پہنچانے کے دوسرے ایجنٹ / ذرائع کھاتے دار کے ایجنٹ برائے سپردگی خطوط ترسیل ٹوٹسز وغیرہ تصور کئے جائیں گے اور بینک کسی بھی چیز کے نہ ملنے کی وجہ سے ہونے والے نقصان یا خسارہ کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

56. The account holder should immediately advise the Bank as soon as he/she leaves the country with the intention of permanently or temporarily residing abroad. On receipt of such information, the account will be re-designated as Non Resident account and all deposits & withdrawals there from will be subject to the rules prescribed by State Bank of Pakistan for such non-resident accounts.

56. کھاتے دار ملک چھوڑنے کی صورت میں بینک کو فوراً تحریری طور پر مطلع کرے گا کہ وہ مستقل طور پر یا عارضی طور پر ملک سے باہر رہے گا۔اس اطلاع کی بنیاد پر بینک اکاؤنٹ کو غیر رہائشی اکاؤنٹ میں تبدیل کر دے گا اور تمام ادائیگیاں وصولیاں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے وضع کردہ قوانین برائے "غیر رہائشی اکاؤنٹ" کے مطابق ہوں گی۔

57. The Bank reserves to itself the right, without any notice to the depositor, to combine all or any of the account(s) of the depositor and set-off or transfer such sum or sums standing to the credit of any one or more of his/her Account(s) in or towards satisfaction of any of the depositor(s) liabilities to the Bank.

57. بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کھاتہ دار کو مطلع کئے بغیر اس کے ایک یا زئد کھاتے میں موجود تمام رقم کو بینک کی جانب واجب الادا رقم کی وصولی کے لئے مرتب/منتقل کرے۔

58. The Account in all respects, shall be governed by the Laws of Pakistan and any complaint or claim against the Bank must be lodged in Pakistan and with the concerned Branch.

58. تمام کھاتے ہر لحاظ سے حکومت پاکستان کے قوانین کے مطابق چلائے جائیں گے اور کوئی بھی شکایت یا دعوی جو کہ بینک کے خلاف ہو اسکو پاکستان اور متعلقہ برانچ میں درج کرایا جائے گا۔

59. The Bank has the right to refuse to open an account if the prospective client fails to meet the requirements as laid out in Bank's Policies and in the Prudential Regulations and other instructions issued by the State Bank of Pakistan from time to time.

59. بینک ایسی صورت میں کہ جب کسٹمر بینک کی پالیسیوں میں درج ضروریات اور اسٹیٹ بینک کے قوانین و ضوابط اور دوسری ہدایات جو کہ اسٹیٹ بینک سے وقتاً فوقتاً جاری ہوتی ہیں کو پورا کرنے میں ناکام ہو اکاؤنٹ کھولنے سے انکار کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔

60. All documents as prescribed in Account Opening Form and relevant formalities will have to be completed by the intending Account Holder prior to allowing operation in the account.

60. کسی بھی کھاتے دار کے لئے تمام دستاویزات جیسا کہ کھاتہ کھولنے والے فارم میں درج ہیں اور باقی متعلقہ لوازمات کو کھاتے میں آپشنز کی اجازت دینے سے پہلے مکمل کرنا ضروری ہیں۔

61. Bank shall after opening of account, issue cheque book/ ATM/ Debit Card in any form for the account to the account holder and may withdraw or recall the same at closing of account. The account holder undertakes to be responsible for its safe custody at all times and will immediately notify the Bank if cheque book ore any of the cheques contained therein or ATM/Debit Card, is lost or stolen.

61. بینک کھاتہ کھولنے کے بعد کھاتہ دار کو چیک بک اے۔ٹی۔ایم کارڈ ڈیبٹ کارڈ جو بھی صورت ہو جاری کرے گا اور کھاتہ بند کرنے کے وقت ان چیزوں کو کھاتہ دار سے طلب کرے گا۔کھاتہ دار اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ وہ ان چیزوں کو ہر وقت بحفاظت رکھے گا چیک بک، چیک یا اے۔ٹی۔ایم / ڈیبٹ کارڈ کے گم یا چوری ہونے کی صورت میں بینک کو فور مطلع کرے گا۔

کھاتہ دار کی وفات / دیوالیہ ہونا

50. بینک کو اس بات کا اختیار ہے کہ وہ کسی بھی اکاؤنٹ کو منجمد کر دے اس اطلاع کے ملنے پر کہ اکاؤنٹ ہولڈر وفات پا گیا ہے یا مشترکہ کھاتہ داری کی صورت میں کسی بھی ایک کھاتہ دار کی وفات کی اطلاع پر جہاں پر کہ مشترکہ آپریشن کی ہدایات ہیں۔ کھاتے میں موجود رقم کو نکلوانے کی اجازت جانشینی سرٹیفکیٹ یا عدالتی حکم اور باقی تمام ضروریات جن کو کہ بینک مناسب سمجھے کے پورا کرنے پر ہے۔اس صورت میں کہ مشترکہ اکاؤنٹ میں آپریشن کی ہدایات Either or Survivor ہو کسی ایک کی وفات کی صورت میں رقم زندہ رہ جانے والے اکاؤنٹ ہولڈر کو واجب الادا ہوگی۔

(b) In case of bankruptcy, the Bank will stop operations in the account immediately, after receipt of official notice or as & when become aware of it from any other reliable source.

دیوالیہ ہونے کی صورت میں کسی بھی سرکاری نوٹس کے موصول ہونے کے بعد یا کسی بھی قابل اعتماد ذرائع سے موصول معلومات کی بنیاد پر بینک اس اکاؤنٹ میں لین دین کو فوراً بند کر دے گا۔

OTHER / MISC

51. i) The Bank reserves to itself the right to close without previous notice any cheque book bearing account which in its opinion is not satisfactorily conducted or for any other reasons whatsoever which the Bank shall not be obliged to disclose to the depositor.

متفرق

51 بینک اس بات کا حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کسی بھی پیشگی نوٹس کے بغیر کوئی بھی چیک بک رکھنے والا کھاتہ بند کر سکتا ہے جو کہ بینک کے خیال میں تسلی بخش نہیں ہے یا کسی بھی دوسری وجہ سے جو کہ کچھ بھی ہو جسکو کہ بینک کھاتہ دار کو بتانے کا پابند نہیں ہے۔

ii) Interpretation of terms and conditions mentioned in Account Opening Form will be considered final and binding, however, in case of any dispute, matter will be referred to SBP and the decision of SBP will be final & binding in that case.

(ii کھاتہ /اکاؤنٹ کھولنے والے فارم پر دیئے گئے قوائد وضوابط حتمی اور لازمی تصور کیے جائیں گے۔تاہم کسی بھی اختلافی صورت میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے رجوع کیا جائے گا اور اس معاملے میں اسٹیٹ بینک کا فیصلہ حتمی اور لازمی تصور کیا جائے گا۔

iii) All cuttings/alterations on Cheque(s) shall be authenticated by the account holder with full signature. The Bank will not be liable for cutting & alteration on Cheque(s), unless duty authenticated.

(iii چیکس پر کی گئی قطع وبُرید اور رد و بدل کھاتہ دار سے تصدیق شدہ ہونی چاہے۔بینک ان چیکس پر کسی بھی قسم کی غیر تصدیق شدہ قطع وبُرید اور رد و بدل کے ذمہ دار نہ ہوں گا۔

52 Terms and Conditions of maintaining an investment account or other deposits for fixed periods, by whatever name called, shall be alterable only with the written consent of the depositor. In case the depositor does not consent to the proposed alteration, the bank shall have the right to close the account after giving 7-days notice to the depositor.

52. مخصوص مدتی سرمایہ کاری اکاؤنٹ یا دیگر ڈپازٹ اکاؤنٹ ان کو جس بھی نام سے پکارا جائے کے متعلق شرائط و ضوابط کو صرف کھاتہ دار کی تحریری اجازت سے تبدیل کیا جا سکتا ہے اگر کھاتے دار تجویز کردہ تبدیلیوں پر رضا مند نہیں ہے تو بینک کو یہ اختیار ہے کہ اس کا کھاتہ سات دنوں کے پیشگی نوٹس دینے کے بعد بند کر دیں۔

53. Upon the closing of an account either by the account holder or by the bank the un-used cheques/ATM card shall become property of the Bank and the account holder shall forthwith return them to the bank.

53. کھاتے کے بند ہونے پر خواہ وہ کھاتے دار کی طرف سے ہو یا بینک کی طرف سے ہو غیر استعمال شدہ چیکس/ اے ٹی ایم کارڈز بینک کی ملکیت ہوگی اور کھاتہ دار پر لازم ہوگا کہ وہ انہیں فی الفور بینک کو واپس جمع کرائے۔

54. The bank will take care to see that credit/debit entries are correctly reflected in the accounts, but in case of any error the bank shall be within its right to make the corrective adjusting entries and recover any amount due from the account holder and inform the same to customer subsequently. The Bank shall not be liable for damages, loss etc. consequent upon such error.

54. بینک اس بات کا خیال رکھے گا کہ جمع اور وصول کے اندراج کھاتے میں صحیح درج ہیں لیکن کسی بھی غلطی کی صورت میں بینک کو اختیار ہوگا کہ کھاتے دار کو اطلاع دیئے بغیر صحیح اندراج کرے اور وہ رقم کھاتے دار سے واپس لے۔ایسی غلطی کی صورت میں بینک کسی بھی رقم کے نقصان یا خسارہ کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

62. Operation in the account is subject to all applicable circulars, orders, rules, regulations, laws, decrees and restrictions issued by Government & other regulatory authorities in Pakistan and the liability of the Bank for payment is governed by applicable laws and regulations in force in Pakistan at the relevant time. Repayment of any deposits, account balance or interest/ profit thereon is subject to any act and direction of the Government of Pakistan or the State Bank of Pakistan.

62. اکاؤنٹ میں آپریشن تمام مروجہ سرکلر ز / احکامات / قواعد و ضوابط / قوانین، حکم ناموں اور پابندیوں کے مطابق ہو گا جو کہ حکومت پاکستان اور دوسری ریگولٹری اتھارٹیز نے جاری کئے ہوں اور ادائیگی کے لئے بینک کی ذمہ داری مروجہ قوانین کے مطابق ہو گی جو پاکستان میں نافذ العمل ہیں کسی بھی ڈپازٹ کی ادائیگی ، اکا ؤنٹ بیلنس اس پر لاگو منافع حکومت پاکستان یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق کیا جائے گا-

63. Account holder(s) deposit with bank is protected up to the amount/limitas per limit decided by SBP's deposit Protection Mechanism enumerated by Deposit Protection Corporation.

63. اکاؤنٹ میں موجود رقم اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ڈپازٹ پروٹیکشن میکانزم کے مطابق طے کردہ حد تک جو کہ اسٹیٹ بینک ڈپازٹ پروٹیکشن کارپوریشن نے طے کی ہے محفوظ ہے

64. The Profit/rate for profit bearing accounts shall be governed by the Bank under prevailing regulations/ instructions issued by State Bank of Pakistan.

64. بینک کے ساتھ کھولے گئے منافع بخش اکاؤنٹس کا منافع/منافع کا ریٹ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ مروجہ قواعد وضوابط کے مطابق بینک کے زیر انتظام ہوگا۔

65.In Case the account opened and categorized as Priority Ascendend Customer is unable to meet the applicable minimum average balance requirement for Askari priority banking for period as prescribed by the Bank from time to time the relationship shall no longer reside as askari Ascend Banking. It is agreed that in such an event Askari Bank may discontinue/terminate all services forming part of the Askari Ascend Banking Status made available. It is further agreed that upon such cancellation/termination/discontinuation the account shall reside with standard/usual banking and customer shall be liable to pay all charges applicable to such accounts as per the Bank's prevalent Schedule of charges.

65. عسکری ترجیحی بینکاری کے تحت کھولے گئے اکاؤنٹ میں رقم ضروری بیلنس کی طے کردہ رقم سے کم ہونے کی صورت میں اکاؤنٹ ترجیحی بنکاری اکاؤنٹ لسٹ سے نکل جائے گا اور تمام منسلک سروسز ختم کردی جائیں گی۔ ایسی صورت میں اکاؤنٹ نارمل اکاؤنٹ تصور کیا جائے گا اور مروجہ شیڈول آف بینک چارجز کے مطابق چارجز مہیا کئے جائیں گے۔

66. The Account holder/customers are eligible to avail fee of cost opt-in/opt-out facility within 15 days of availing and /or Subscribing any facility or service. The Charged deducted for services or facilities opted-out within 15 days shall be reimbursed to customers. However, in case the facility or service is opted out after 15 days from availing the facility the bank may charge penalty as mentioned in prevailing Schedule of Bank Charges.

66. اکاؤنٹ ہولڈرز/ کسٹمرز کوئی بھی سہولت یا سروس حاصل کرنے پندرہ دن کے اندر کوئی معاوضہ ادا کئے حاصل کردہ سہولت یا سروس ختم کرواسکتا ہے۔ سہولت یا سروس پندرہ دن کے اندر ختم کرنے کی صورت میں بینک اس سروس یا سہولت حاصل کرنے کی مد میں لئے گئے تمام چارجز واپس کرے گا۔ سہولت یا سروس کو پندرہ دن کے بعد ختم کرنے کی صورت میں بینک مجوزہ شیڈول آف چارجز کے مطابق جرمانہ وصول کرسکتا ہے۔

CONDITIONS GOVERNING SMS FACILITY

ایس ایم ایس سہولت کے لئے شرائط

In these Terms & Conditions the following terms shall have the following meaning:

ان شرائط وضوابط میں نیچے دیئے گئے الفاظ کا مطلب مندرجہ ذیل ہوگا

"Alerts" means the customized messages sent through short messaging service/text "SMS" over the Customer's mobile phone by AKBL.

انتباہات سے مراد کسٹمر کے موبائل نمبر پر عسکری بینک لمیٹڈ کی طرف سے پیغام رسانی سروس/ٹیکسٹ (ایس ایم ایس) کے ذریعے بھیجا گیا " مختصر پیغام " ہے

Facility" means the SMS facility granted by the Bank "Askari Bank Limited" to the holder(s) of any account and/or joint account and/or any other accounts or services as determined by the Bank from time to time for access to information on account as may be prescribed by the Bank from time to time.

سہولت سے مراد بینک کی طرف سے اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا مشترکہ اکاؤنٹ یا دوسرے اکاؤنٹس یا سہولیات پر، جیسا کہ بینک وقتاً فوقتاً مقرر کرے، ایس ایم ایس کی سہولت برائے اکاؤنٹ کی معلومات تک رسائی ہے۔

1. The Accountholder requests the Bank to provide SMS Alerts ("SMS") in respect of banking transactions pertaining to accounts maintained by the accountholder with the Bank ("Account"). All information pertaining to the Bank and banking products offered by the Bank from time to time through SMS (the "Service"), shall be entirely at the risk and responsibility of the accountholder, and in consideration of the Bank agreeing at its absolute discretion to accept the request the account holder shall confirm that all SMS communications may be addressed to the accountholders at the mobile number(s) mentioned in the form.

اکاؤنٹ ہولڈر بینک میں موجود کھاتوں سے متعلق ٹرانزیکشنز کی بابت "ایس ایم ایس "الرٹ کی سہولت کے لئے درخواست دے گا۔ بینک سے متعلقہ اور "ایس ایم ایس "الرٹ کے ذریعے آفر کی گئی تمام بینکنگ پروڈکٹس کلی طور پر اکاؤنٹ ہولڈر کے رسک اور ذمہ داری اور بینک کی درخواست کو قبول کرنے کے صوابدیدی اختیار پر ہو گی۔ اکاؤنٹ ہولڈر تصدیق کرے گا کہ تمام "ایس ایم ایس" کمیونیکیشن کو فارم میں دیے گئے موبائل نمبر پر بھیجا جاسکتا ہے۔

2. The Accountholder agrees that the facility entitles him/her to use only a mobile phone registered in his/her name with the mobile service provider as conveyed by him/her.

اکاؤنٹ ہولڈر اتفاق کرتا ہے کہ وہ اس سہولت کا حقدار صرف اُس کے نام پر موبائل کی سہولت فراہم کرنے والی کمپنی میں رجسٹرڈ بینک کو فراہم کئے گئے نمبر کے ذریعے ہے۔

3. The Accountholder irrevocably agrees and undertakes that the Bank is authorized and instructed to provide the Service, as modified from time to time by the Bank.

اکاؤنٹ ہولڈر ناقابل تنسیخ طور پر اتفاق اور تصدیق کرتا ہے کہ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کو بینک کی طرف سے وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ سہولت فراہم کرنے کا مجاز ہے-

4. The Accountholder undertakes that the Bank reserves the right to make a correction to any information conveyed by an SMS in relation to the Services. The accountholder shall immediately inform the Bank of any erroneous information in an SMS so that the Bank may send a corrected SMS.

اکاؤنٹ ہولڈر تصدیق کرتا ہے کہ بینک سہولت کے سلسلے میں ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجی گئی کسی بھی معلومات میں تصحیح کرنے کا حق رکھتا ہے۔ اکاؤنٹ ہولڈر ایس ایم ایس میں کسی بھی غلط معلومات کی صورت میں بینک کو فوراً مطلع کرے گا تاکہ بینک تصحیح شدہ ایس ایم ایس بھیج سکے۔

5. The Accountholder agrees that the Service is chargeable and accountholder agrees to pay the charges levied by the Bank for providing the Service. These charges shall be advised in the Bank's schedule of charges, which may be available and posted half yearly on the Bank's website. If the accountholder wishes to discontinue this Service, the accountholder is required to advise the Bank in writing of this decision. The accountholder is at liberty however, to discontinue this service at any time by giving one month prior written notice of the same to the Bank.

اکاؤنٹ ہولڈر اتفاق کرتا ہے کہ یہ سہولت چارجز کی ادائیگی پر ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر بینک کی طرف سے سہولت فراہم کرنے پر عائد چارجز کو ادا کرنے پر اتفاق کرتا ہے۔ چارجز بینک کے شیڈول آف چارجز میں درج ہوں گے جو کہ شش ماہی بنیادوں پر بینک میں دستیاب اور بینک کی ویب سائیٹ پر پوسٹ کی جائے گی۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر اس سہولت کو منقطع کروانا چاہتا ہے تو اکاؤنٹ ہولڈر کو آزادی ہے کہ اس سہولت کو کسی بھی وقت بینک کو ایک ماہ کا پیشگی تحریری نوٹس دے کر ختم کرسکتا ہے۔

6. The Accountholder agrees that the Bank assumes no responsibility whatsoever for any delay, non-delivery, inaccuracy and/or general failure of the Service. The Bank shall not be responsible for any loss, damage or claim sustained by the accountholder as a result of using the Service.

اکاؤنٹ ہولڈر اتفاق کرتا ہے کہ بینک کسی تاخیر عدم وصولی، غلطی اور/ یا سروس کی عمومی ناکامی کی صورت میں کسی بھی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔ بینک سروس کو استعمال کرنے کے نتیجے میں اکاؤنٹ ہولڈر کو ہونے والے کسی ضرر نقصان یا کلیم کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

7. The Accountholder understands and agrees that the Bank shall not be held responsible in case of any disclosure of the contents of the SMS to any undesired recipients, who are not authorized to know such instruction.

اکاؤنٹ ہولڈر سمجھتا اور اتفاق کرتا ہے کہ ایس ایم ایس کے مندرجات کی کسی غیر مجاز وصول کنندہ، جو کہ یہ معلومات جاننے کے مجاز نہ ہوں، کو ظاہر کرنے کی صورت میں ذمہ دار نہ ہوگا۔

8. The Accountholder acknowledges and places on record that there are inherent problems in verifying the authenticity of SMS transactions, and the Bank shall provide the SMS in an un-encrypted form for the convenience of the accountholder.

اکاؤنٹ ہولڈر اس بات کو تسلیم کرتا ہے اور ریکارڈ پر رکھتا ہے کہ "ایس ایم ایس" ٹرانزیکشنز کے تحقیق شدہ ہونے کی توثیق کرنے میں بنیادی مشکلات ہیں اور بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی آسانی کے لئے "ایس ایم ایس" کو غیر خفیہ شکل میں بھیجے گا۔

9. In case of change in the mobile number mentioned herein and/or the loss of the SIM, the Accountholder shall immediately inform the Bank. The Accountholder shall inform the Bank forthwith of any unauthorized use of the service, or any breach of security.

سم گم ہونے یا یہاں پر بیان کئے گئے موبائل نمبر کی تبدیلی کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو فوری طور پر مطلع کرے گا۔اس کے ساتھ ساتھ اکاؤنٹ ہولڈر سیکورٹی کی کسی خلاف ورزی یا سہولت کے غیر مجاز استعمال کی صورت میں بینک کو آگاہ کرے گا۔

CONDITIONS GOVERNING E-STATEMENT FACILITY

ای سٹیٹمنٹ سہولت کے لئے شرائط

1. e-Statement is defined to "mean the statement of account to be mailed at the email address as may be notified to the Bank by account holder for availing the above facility.

ای سیمنٹ کا مطلب ہے، مندرجہ ذیل سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لئے بینک کو اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے دیئے گئے ای میل ایڈریس پر بھیجی گئی اکاؤنٹ سٹیٹمنٹ۔

